CAIR NEW JERSEY

اپنے حقوق سے آگاہ ہوں

نیو جرسی کے امریکی مسلمانوں کے دفاع اور ان کو بااختیار بنانے کے لیے قانونی گائیڈ

اس پروجیکٹ کو نیو جرسی اسٹیٹ بار فاؤنڈیشن کی جانب سے مشترکہ سپانسر کیا گیا
اور بار برائے نیو جرسی کے IOLTA فنڈ (IOLTA FUND OF THE BAR OF NEW JERSEY) کی جانب کیے گئے مالی تعاون کی بنیاد پر ممکن بنایا گیا ہے۔

NJSBF

NJSBF

اس پروجیکٹ کو نیو جرسی اسٹیٹ بار فاؤنڈیشن کی جانب سے مشترکہ سپانسر کیا گیا ہے اور بار برائے نیو جرسی کے IOLTA فنڈ کی جانب کیے گئے مالی تعاون کی بنیاد پر ممکن بنایا گیا ہے۔

2023 میں شائع کردہ

Copyright ©2022, CAIR NJ INC

CAIR امریکہ کی مسلم آبادی کی سب سے بڑی شہری آزادی اور وکالت کی تنظیم ہے۔ اس کا مشن اسلام کے بارے میں تفہیم و ادراک میں اضافہ کرنا، مکالمے کو فروغ دینا، شہری آزادی کا تحفظ، امریکی مسلمانوں کو بااختیار بنانا، اور ایسا اتحاد قائم کرنا ہے جو انصاف اور باہمی فہم و ادراک کو فروغ دے۔

اس گائیڈ کے بارے میں سوالات پوچھیں بنام:
CAIR New Jersey
570 Broad Street, Newark NJ 07102
ٹیلیفون: 908-668-5900, www.cair-nj.org, info@nj.cair.com

اس رپورٹ کی نقول حاصل کرنے کے لیے یا تبصرے یا فیڈ بیک دینے کے لیے، براہ کرم info@nj.cair.com پر ای میل کریں اور "کتابچہ اپنے حقوق سے آگاہ ہوں (Know Your Rights Booklet)" کا موضوع شامل کریں۔

منصفانہ استعمال کا نوٹس: اس رپورٹ میں کاپی رائٹ شدہ مواد شامل ہو سکتا ہے جس کے استعمال کی کاپی رائٹ کے مالک کی جانب سے ہمیشہ اجازت نہیں دی جاتی۔ سیاست، انسانی حقوق، جمہوریت، اور سماجی انصاف کے مسائل کی تفہیم کو آگے بڑھانے کی کوششوں کے لیے اسے دستیاب بنایا جا رہا ہے۔ یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہ کسی بھی کاپی رائٹ شدہ مواد کا ایسا "منصفانہ استعمال" ہے جیسا کہ امریکی جملہ حقوق کا قانون کے سیکشن 107 میں بتایا گیا ہے۔ ٹائٹل 17 U.S.C. سیکشن 107، کے مطابق، اس رپورٹ میں موجود مواد کو بغیر کسی منافع کے بغیر ان افراد میں تقسیم کیا جا سکتا ہے جنہوں نے تحقیقی اور تعلیمی مقاصد کے لیے شامل معلومات حاصل کرنے کے لیے پیشگی دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ اگر آپ اس رپورٹ کے کاپی رائٹ شدہ مواد کا استعمال اپنے مقصد کے لیے کرنا چاہتے ہیں جو کہ "منصفانہ استعمال" سے ہٹ کر ہے، تو آپ پر کاپی رائٹ کے مالک سے اجازت حاصل کرنا لازم ہے۔

اس رپورٹ کا مواد محض تعلیمی اور معلوماتی مقاصد کے لیے فراہم کیا گیا ہے، اور یہ کسی اٹارنی کی مشاورت کے متبادل کے مقصد سے نہیں دیا گیا ہے۔ براہ کرم اپنی صورتحال سے متعلق مشاورت حاصل کرنے کے لیے اپنے ذاتی وکیل سے مشورہ لیں۔ اس رپورٹ کی معلومات قانونی مشاورت وضع نہیں کرتیں۔

اعترافات: اس رپورٹ اور اس میں شامل ڈیٹا لامیہ راشد (Lamia Rashid) کی جانب سے تحریر اور مرتب کیا گیا۔ دیگر فارمیٹ میں ڈینا سید احمد (Dina Sayedahmed) کی جانب سے معاونت دی گئی ہے۔

فہرستِ مندرجات



تعارف

CAIR-NJ کیا ہے؟

اپنے حقوق سے متعارف ہوں

اسلاموفوبیا کیا ہے؟

اسلاموفوبیا کی تعریف

مسلم مخالف تعصب کی مثالیں

امریکی اسلاموفوبیا نیٹ ورک

مسلم مخالف تعصب کی خصوصیات

اپنے حقوق سے آگاہ ہوں

اگر قانونی نفاذ کار ادارہ رابطہ کرے اگر پولیس کی جانب سے روکا جائے

بطور مظاہرین

جب DHS اور امیگریشن کی جانب سے روکا جائے ایک ملازم کے طور پر

جب ملازمت میں امتیازی سلوک کا سامنا ہو ایک طالب علم کے طور پر

کارروائی کریں

مسلم مخالف نفرت انگیز جرائم پر کیسے ردعمل دیں شامل ہوں!

مصروف عمل مستعد افراد

CAIR-NJ کیا ہے؟

نیو جرسی کونسل اجلاس برائے امریکی اسلامی تعلقات (NEW JERSEY CHAPTER OF COUNCIL ON AMERICAN-ISLAMIC RELATIONS, CAIR-NJ) ملک کے سب سے بڑے 35 اجلاسوں میں سے ایک اور مسلم شہری حقوق اور وکالت کی قدیم تنظیم ہے۔

CAIR-NJ کا مشن شہری حقوق کا تحفظ، اسلام کی تفہیم میں اضافہ، انصاف کو فروغ دینا، اور امریکی مسلمانوں کو بااختیار بنانا ہے۔

اس مشن کے مطابق، CAIR-NJ مفت تربیتیں، قانونی خدمات، قانونی وکالت، نوجوانوں کی ترقی و خوشحالی، اور مزید بہت کچھ فراہم کرتا ہے۔

اپنے حقوق سے آگاہ ہوں

امریکی فیڈرل نیز نیو جرسی ریاست کے آئین اور قانون امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر تمام افراد کو مخصوص حقوق فراہم کرتے ہیں۔ یہ کتابچہ اکثر اوقات رونما ہونے والی صورتحالوں کا ردعمل دینے کے لیے آپ کے کچھ حقوق اور رہنما ہدایات کا مختصر جائزہ پیش کرتا ہے۔ یہ دستاویز محض تعلیمی مقاصد کے لیے ہے اور یہ قانونی مشورے کے لیے نہیں ہے۔ اگر آپ کے قانونی حقوق کے بارے میں سوالات ہیں، تو براہ کرم وکیل یا CAIR-NJ سے رابطہ کریں۔

اسلاموفوبیا کی تعریف

یہ کیا ہے؟

اسلاموفوبیا اسلام اور مسلمانوں کے لیے ایک خوف، منافرت، یا تعصب ہے جس کا نتیجہ امتیازی سلوک اور ظلم و ستم کی صورت میں نکلتا ہے۔ یہ اسلام کی روایات، مسلمانوں کی ماضی کی شاندار تاریخ اور ان کی ثقافت اور مختلف و متنوع حسب نسب کو دقیانوسی خصوصیات میں تبدیل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ یہ اکثر تشدد، تہذیب کی تخریب کاری، اور بنیادی اختلافات کے موضوعات تک محدود ہوتی ہے۔ یہ عام شہری، نجی گروپس، تھنک ٹینکس، میڈیا نیز ثقافتی و سیاسی ڈھانچوں کی جانب سے پھیلایا جاتا ہے۔

کون متاثر ہوتا ہے؟

مسلم خواتین، مردوں، اور بچوں کے علاوہ، ایسی ہی خصوصیات و اقدار کا اشتراک کرنے والوں کو "مسلمان" کے طور پر نسل پرستی کا نشانہ بنایا جاتا ہے — آیا یہ زبان، لباس، یا جلدی رنگت کی بات ہو — ان کو بھی اسلاموفوبیا کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سکھ، عیسائی عرب، اور ہندو انڈین کو مسلم مخالف تعصب کا نشانہ بنایا گیا ہے۔

مسلم مخالف تعصب کی مثالیں

01 قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پروفائلنگ

02 مسلم مخالف قانون سازی

03 زبانی کلامی ہراسانی

04 مساجد کی بے حرمتی

05 خدمات کی فراہمی سے انکار

امریکی اسلاموفوبیا نیٹ ورک

امریکہ میں گروپس اور افراد کا ایک ایسا بااثر نیٹ ورک موجود ہے جو اسلام اور مسلمانوں کو بدنیتی پر مبنی خطرناک وجود ثابت کرنے میں لگے رہتے ہیں۔

CAIR کی اسلاموفوبیا رپورٹ 2022، "مرکزی دھارے میں اسلاموفوبیا"، سے پتا چلتا ہے کہ جائزہ لیے گئے 50 سب سے بڑے خیراتی اداروں اور فاؤنڈیشنز میں، ان میں سے 35 نے کُل $105,865,763 مجموعی طور پر 26 اسلاموفوبیا نیٹ ورک گروپس کے لیے تفویض کیے۔



مسلم مخالف تعصب کی خصوصیات

01

اسلام کو فطری طور پر خطرہ سمجھا جاتا ہے۔

02

مسلمانوں کے بارے میں سمجھا جاتا ہے کہ وہ اپنے عقائد کا استعمال سیاسی فائدے کے حصول کے لیے کرتے ہیں۔

03

اسلام کا خوف امیگریشن مخالفت کے ساتھ مخلوط ہے۔

04

مسلم مخالف تعصب کو فطری اور غیر مشکوک سمجھا جاتا ہے۔

05

مسلم ثقافتوں کو یکساں اور غیر متغیر سمجھا جاتا ہے۔

06

مغربی معاشروں پر مسلمانوں کی تنقیدیں مسترد کر دی جاتی ہیں۔

اگر قانون نافذ کرنے والے ادارے کی جانب سے رابطہ کیا جائے

امریکی مسلمان اپنے عقائد کی پیروی کی بدولت بے بنیاد قانون نافذ کرنے والے ادارے کی تفتیشات کا نشانہ بنتے ہیں۔ اگر قانون نافذ کرنے والے اہلکار کی جانب سے وزٹ کیا جائے، تو یاد رکھیں:

- تو آپ کے پاس خاموش رہنے کا حق ہے۔ سوالوں کا جواب دینے سے انکار کو آپ کے خلاف استعمال نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی یہ مراد لیا جاتا ہے کہ آپ کچھ چھپا رہے ہیں۔
- آپ کو قانون نافذ کرنے والے حکام سے بات کرتے وقت یا اگر آپ کو حراست میں لیا گیا ہے تو اس صورت وکیل کی خدمات حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ امریکی شہری نہیں ہیں تب بھی یہ حق آپ کو حاصل ہے۔
- قانون نافذ کرنے والے ایجنٹس سے جھوٹ بولنا وفاقی جرم ہو سکتا ہے، جس کی سزا جرمانے اور/یا قید ہے۔ سوال کا غلط یا غیر موافق جواب دینا جواب نہ دینے سے زیادہ نقصان دہ ہے۔
- قانون نافذ کرنے والے افسران کے پاس، سوائے ہنگامی صورتحال کے، آپ کے گھر میں داخل ہونے کے لئے وارنٹ کا ہونا ضروری ہے۔ کسی ایجنٹ سے گھر میں داخل ہونے سے پہلے احسن طریقے سے وارنٹ دکھانے کی درخواست کریں۔ اگر کوئی وارنٹ موجود ہے تو، ایجنٹس کو بتائیں کہ آپ وارنٹ کے دائرہ کار سے باہر کسی بھی اضافی تلاش کے لئے رضامند نہیں ہیں۔ افسر کی رابطہ معلومات کا حامل کاروباری کارڈ طلب کریں علاوہ ازیں نکالی جانے والی کسی بھی آئٹمز کی رسید بھی طلب کریں۔

اگر پولیس کی جانب سے روکا جائے

- سڑک پر: افسران آپ کو بغیر کسی وجہ کے نہیں روک سکتے۔ آپ کو اپنا تعارف لازمی کروانا ہو گا، تاہم آپ کو مزید سوالات کے جواب نہیں دینے ہوں گے۔ افسران اس صورت آپ کی جامعہ تلاشی لے سکتے ہیں کہ اگر انہیں شک ہو کہ آپ مسلح ہیں۔ پوچھیں کہ آپ زیر حراست ہیں یا جانے کے لیے آزاد ہیں۔ اگر جانے کے لیے آزاد ہیں، تو چلے جائیں۔ اگر آپ کے ساتھ کسی بھی قسم کی بدسلوکی کی گئی ہو تو جائے وقوع سے چلے جانے کے فوراً بعد CAIR-NJ سے رابطہ کریں۔

- اپنی گاڑی میں: اپنے ہاتھوں کو دکھائی دی جانے والے جگہ پر ہی رکھیں اور کسی قسم کی فوری حرکات نہ کریں۔ طلب کیے جانے پر، آپ کو اپنا لائسنس، رجسٹریشن، اور انشورنس کا ثبوت لازمی دینا ہو گا۔ آپ کو تلاشی کے لیے رضامندی دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ ایسی کسی صورت میں کہ پولیس آپ کی گاڑی کی تلاشی لیتی ہے، تو واضح اور پُر سکون انداز میں بتائیں کہ آپ نے اجازت نہیں دی۔ اگر ممکن ہو تو اس واقعے کو ریکارڈ کریں۔

- اگر حراست میں لیا جائے یا پولیس اسٹیشن لے جایا جائے تو: آپ کے پاس وکیل کی خدمات حاصل کرنے اور ایک فون کال کرنے کا حق ہے۔ اگر آپ اٹارنی کی خدمات حاصل کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے، تو حکومت پر ایک فراہم کرنا لازم ہے۔ گمان میں رکھیں کہ پولیس اسٹیشن کے سب کمروں کے اندر ریکارڈنگ کی جا رہی ہے (سوائے جب آپ اپنے اٹارنی کے ساتھ ہوتے ہیں)۔

- اگر بدسلوکی کی جائے: پولیس افسران کی مخالفت یا ان کے ساتھ لڑائی نہ کریں۔ بدسلوکی کرنے والے فرد کے شناختی نمبرز اور شناختی خصوصیات نوٹ کریں۔ عینی شاہد کو تلاش کریں اور ان کی رابطہ معلومات ریکارڈ کریں۔ CAIR-NJ کے پاس فوری طور پر شکایت دائر کروائیں۔

- اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے تو: آپ کو پولیس کی پوچھ گچھ کے دوران والد/والدہ کی موجودگی کے ساتھ وکیل کی موجودگی کا بھی حق حاصل ہے۔

بطور مظاہرین اپنے حقوق سے آگاہ ہوں

تو آپ کو درج ذیل پر احتجاج کرنے کا حق ہے:

- عوامی یا سرکاری ملکیت۔ پابندیوں (یعنی پرمٹ کے تقاضے) کے بارے میں آگاہ رہیں۔
- عوامی گزر گاہوں پر مظاہرین کو احتجاج کرنے کے لیے اس وقت تک اجازت نامہ درکار نہیں ہے جب تک افراد کے گزرنے کا راستہ بند نہ ہو۔
- اپنی پراپرٹی پر یا کسی ایسے فرد کی پراپرٹی پر کرنے کا حق حاصل ہے جس نے اجازت دی ہو۔

کرفیو کے تقاضے:

- آپ لازماً: کرفیو کی پابندیوں کی پاسداری کریں کیونکہ آپ کو حراست میں لیا یا گرفتار کیا جا سکتا ہے۔
- افسران لازماً: مظاہرین کو تعمیل کے لیے معقول، وقت، موقع، اور بلا روک ٹوک خارجی راستہ فراہم کریں۔

بطور مظاہرین اپنے حقوق سے آگاہ ہوں

احتجاج سے قبل:

- شناخت اور/یا ہنگامی رابطہ معلومات مہیا کریں۔
- پیغام لکھنے کے لیے اشارا استعمال کریں۔
- سمارٹ ڈیوائس ساتھ لانے سے گریز کریں۔ تاہم اگر آپ لاتے ہیں، تو لوکیشن کی خدمات بند کر دیں۔ مرموز کاری کی خدمات استعمال کریں۔ کسی بھی احتجاج پر جانے سے پہلے اپنی ڈیوائس پر بائیو میٹرک سائن ان (فنگر پرنٹ اور چہرے کی شناخت) کو غیر فعال کریں۔
- ضروری اور ہنگامی سامان کا ایک بیک پیک تیار کریں جس میں پانی، اسنیکس، کئی دنوں کے لیے نسخہ جاتی ادویات، مرطوب وائپس، ٹشوز، اور دیگر ضروری سامان رکھیں۔
- گاڑی احتجاج کی جگہ سے دور یا کسی دوست کے گھر پر پارک کریں اور ٹرین، بس سے، یا پیدل سفر کریں۔

احتجاج کے دوران:

- ایک محفوظ فاصلے سے ویڈیو ٹیپ کریں اور عوامی جگہوں میں کسی بھی چیز کی تصویر بنائیں۔
- آپ کا عوامی جگہ پر قانونی طور پر موجود ہونا ضروری ہے۔
- اپنی تصاویر اور ویڈیوز کو اپنے فون/کیمرے میں محفوظ رکھیں کیونکہ وہ پہلی ترمیم (First Amendment) کے ذریعے محفوظ ہیں۔
- اپنے فون تک رسائی سے افسران کو انکار کریں قانون نافذ کرنے والے ادارے آپ کے فون میں موجود ڈیٹا کو ضبط نہیں کر سکتے یا اسے دیکھ نہیں سکتے۔ وہ کسی بھی حالت میں آپ کے ڈیٹا کو حذف نہیں کر سکتے ہیں۔

اگر DHS اور امیگریشن کی جانب سے رابطہ کیا جائے

محکمہ برائے ملکی سلامتی (DEPARTMENT OF HOMELAND SECURITY, DHS) میں امریکی شہری اور امیگریشن خدمات (USCIS)، بیورو برائے کسٹمز اور بارڈر پروٹیکشن (CBP)، اور بیورو برائے امیگریشن اور کسٹمز انفورسمنٹ (ICE) شامل ہیں۔ اگر آپ ایک امریکی شہری نہیں ہیں اور ایک DHS افسر کی جانب سے رابطہ کیا گیا ہے، تو یاد رکھیں:

- قانون کا تقاضا ہے کہ آپ اپنی رجسٹریشن کی دستاویزات ہمیشہ اپنے ساتھ رکھیں۔ اگر آپ وہ پیش نہیں کرتے، تو آپ کو گرفتار کیا جا سکتا ہے۔

- کسی بھی چیز پر پڑھے اور سمجھے بغیر دستخط نہ کریں۔ سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ دستخط کرنے سے پہلے کسی وکیل سے بات کرنے کا انتظار کریں۔

- آپ کے پاس ایک وکیل کی خدمات حاصل کرنے کا حق ہے جو آپ سے ملاقات کر سکتا ہے اور امیگریشن سماعتوں کے دوران آپ کی نمائندگی کر سکتا ہے۔ بہتر یہی ہے کہ امیگریشن کے وکیل کے رابطے کی معلومات اپنے پاس رکھیں۔

- سرکاری اہلکار آپ سے آپ کے مذہب، سیاسی عقائد، کسی گروپ کی رکنیت، یا عطیات یا ماضی کے سفر کے بارے میں غیر مناسب سوالات ممکنہ طور پر نہیں پوچھ سکتے۔

بطور ملازم اپنے حقوق سے آگاہ ہوں

یہ کسی بھی آجر کے لیے غیر قانونی ہے کہ وہ آپ کے خلاف نسل، مذہب، یا قومی حسب نسب کی بنیاد پر امتیازی سلوک روا رکھے۔ 1964 کے شہری حقوق ایکٹ اور نیو جرسی کے امتیازی سلوک کے خلاف قوانین کا ٹائٹل VII آپ کے حق کی درج ذیل کے لیے ضمانت دیتا ہے:

بھرتی، معطلی، اور ترقی کا شفاف عمل

آپ کے آجر کے لیے آپ کے کام کو متاثر کرنے والے فیصلے کرتے وقت نسل، مذہب، یا قومی حسب نسب پر غور کرنے کی ممانعت ہے۔

معقول مذہبی سہولیات

ایک آجر کی جانب سے آپ کے مذہبی طریقوں کا معقول طور پر نظم کرنے میں ناکامی امتیازی سلوک کا شاخسانہ ثابت ہو سکتی ہے۔

کام کا ایک غیر شدت پسند ماحول

آپ کے آجر کو اس بات کو یقینی بنانا ہو گا کہ آپ کو مسلم مخالف توہین، ہراسانی، یا ناپسندیدہ رویے اور مذہب تبدیلی پر جبر کا نشانہ نہیں بنایا جائے گا۔

بغیر کسی انتقام کارروائی کے خوف کے امتیازی سلوک روا رکھے جانے کے بارے میں شکایت کریں۔

قانون آپ کو امتیازی سلوک کی اطلاع دینے کے حق کی ضمانت دیتا ہے۔ آپ کے آجر کے لئے، آپ کے مبنی بر حق شکایت دائر کروانے کے لئے بدلہ لینا غیر قانونی ہے۔

جب ملازمت میں امتیازی سلوک کا سامنا ہو

پُرسکون اور مہذب رہیں۔ مرتکبِ جرم فریق کو بتائیں کہ آپ کو لگتا ہے کہ ان کے اقدامات امتیازی سلوک کے حامل ہیں۔

ہر واقعے کو فوراً ضبط تحریر میں لائیں، تاریخ، وقت، جگہ، عینی شاہد کے نام، اور حقیقتاً کیا ہوا، اس سب کو نوٹ کریں۔

اپنے اُس تمام مواد کی نقول رکھیں جو آپ کے امتیازی سلوک کے دعوے کی حمایت کرتا ہو۔

اپنی کمپنی کے انسانی وسائل کے محکمے کے پاس امتیازی سلوک کے بارے میں تحریری شکایت دائر کریں۔

کسی دستاویز پر دستخط نہ کریں یا وکیل سے مشورہ کیے بغیر اپنی پوزیشن سے استعفیٰ نہ دیں۔

جائے کار پر ثالثی کے لئے مشورہ لیں یا کام کی کسی مختلف سائٹ پر منتقل ہونے کی گزارش کریں۔

بطور طالب علم اپنے حقوق سے آگاہ ہوں

- آپ کے پاس مذہبی لباس پہننے کا حق ہے۔ آپ کو مذہبی پیغام کا حامل لباس پہننے کا بھی حق ہے۔
- آپ کے پاس اپنے مذہب کے بارے میں دوسروں کو بتانے کا حق ہے۔ آپ کو مخصوص ادبیات تقسیم کرنے یا اسلام کے بارے میں دوسروں سے بات کرنے کا حق ہے، اگر یہ انتشار انگیز طریقے سے نہ کیا جائے۔
- آپ کے پاس کیمپس میں طالب علموں کی قیادت والی نمازوں کا اہتمام کرنے کا حق ہے، اگر یہ خدمت اسکول کی کارکردگی میں رکاوٹ نہ ہو۔
- آپ کے پاس مذہبی تعطیلات کے لیے اسکول سے چھٹی کرنے کا حق ہے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اسکول کو پیشگی آگاہ کریں کہ آپ غیر حاضر ہوں گے اور انہیں غیر حاضری کی وجہ بتائیں۔
- آپ کی پاس غیر نصابی مسلم گروپ تشکیل دینے کا حق ہے۔

مسلم مخالف نفرت انگیز جرائم پر کیسے ردعمل دیں

مسلمانوں کے خلاف نفرت انگیز جرائم کے واقعات کو ضبط تحریر میں لانا چاہیئے اور فوری طور پر رپورٹ کیا جانا چاہیئے تاکہ ایک مؤثر ردعمل مل سکے۔ اگر آپ کسی نفرت انگیز جرم کا شکار ہوئے ہیں یا کسی جرم کے چشم دید گواہ رہے ہیں:

- اگر آپ کو کوئی خطرہ ہے تو فوری طور پر 911 پر کال کریں۔

- اس واقعے کو تحریر کریں، تاریخ، وقت، جگہ اور واقعے کی تفصیلات درج کریں۔ اگر ممکن ہو تو واقعے کی ویڈیو بنائیں۔

- اس معلومات کا استعمال کرتے ہوئے، فوری طور پر مقامی اور/یا وفاق حکام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو جرائم کی اطلاع دیں۔ پوچھیں کہ آیا یہ نفرت کے جرم کے طور پر ریکارڈ کیا جائے گا۔

- کمیونٹی کی حمایت کو متحرک کریں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ مقامی اسلامی مرکز آپ کی صورتحال سے آگاہ ہے۔

- مقامی اور/یا وفاق قانون نافذ کرنے والے اداروں اور CAIR-NJ کے ساتھ فالو اپ کریں، چاہے اس واقعے کو حل کیا گیا ہو یا نہیں۔

(908)-668-5900 پر کال کرکے CAIR-NJ سے رابطہ کریں یا CAIR-NJ.ORG/REPORT-AN-INCIDENT پر کسی واقعے کی اطلاع دیں

شمولیت اختیار کریں!

01 مقامی حکومت

اپنے اسکول بورڈ اور سٹی کونسل کی میٹنگز میں شرکت کرکے مقامی معاملات میں رائے دیں۔

02 ملکی حکومت

اپنے نمائندگان کو کال کریں یا خط لکھیں۔ درج ذیل لنک پر وزٹ کر کے رابطہ معلومات تلاش کریں:
usa.gov/elected-officials۔

03 ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہوں

مقامی، ریاستی، اور ملکی الیکشن میں ووٹ ڈالنے کو یقینی بنائیں۔

04 ہمارے دفتر سے رابطہ کریں

CAIR-NJ کی جانب سے "اپنے حقوق سے آگاہ ہوں" کی ورک شاپ کا انعقاد کروانے کی درخواست کے لیے (908)-668-5900 پر کال کریں یا info@nj.cair.com پر ای میل کریں۔

05 عطیہ کریں

مقامی سرکاری اور اسکول کی لائبریریز میں اسلام کے بارے میں بامقصد، اچھی لکھی ہوئی کتابیں اور ملٹی میڈیا مواد دیں۔

SUPPORT CAIR-NJ

عطیہ کرنے کے طریقے

CAIR-NJ.ORG/DONATE

Network for Good

venmo

CAIR-NJ@

Zelle

smaksut@cair.com

PayPal

Cars4Jannah

آن لائن شامل ہوں۔

CAIRNewJersey

CAIRNJ@

cair.nj

نیوزلیٹر سائن اپ

درج ذیل کے بارے میں اپ ٹو ڈیٹ رہیں:

- پریس ریلیزز
- مساجد اور ایونٹ برائے نوجوان افراد
- یوم مسلم برائے وکالت
- کمیونٹی کی خبریں

نیو جرسی اسٹیٹ بار فاؤنڈیشن کا تعارف

نیو جرسی اسٹیٹ بار فاؤنڈیشن، جو کہ 1958 میں قائم کی گئی تھی، نیو جرسی اسٹیٹ بار ایسوسی ایشن کا خدمتِ خلق کا جزو ہے۔ یہ فاؤنڈیشن تمام عوام کے لیے مفت قانونی تعلمی پروگرام مہیا کرنے کی خاطر مصروف عمل ہے۔ فاؤنڈیشن کی جانب سے فراہم کردہ پروگراموں میں وصیت نامہ، طلاق، ٹیکس، ریٹائرمنٹ کی منصوبہ بندی، معذوری کے قانون اور صحت کے مسائل جیسے موضوعات پر سیمینار؛ گریڈز K تا 12 کے طالب علموں کے لیے فرضی ٹرائل پروگرامز؛ تنازعات کے حل، ہم عصر ساتھیوں کی ثالثی اور تنگ کرنے اور غنڈا گردی کی روک تھام کے لیے اساتذہ کے لیے تربیتی سیشنز شامل ہیں۔

CAIR NEW JERSEY

CAIR-NJ.ORG

570 Broad St. Suite 703
Newark, NJ 07102
908.668.5900
info@nj.cair.com
cair.nj@

WWW.NJSBF.ORG

New Jersey Law Center
1 Constitution Square
New Brunswick, NJ 08901
NJStateBarFdn@